15/06/2022

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

درجہ 1 سے 8 میں زیر تعلیم تھارو اور دیگر ذات کے طلباء/طالبات کو مالیاتی سال 23-2022 میں وظیفہ دئے جانے کیلئے نظام الاوقات جاری

لکھنؤ: ۱۵/جون ۲۰۲۲ء-

ریاست میں وزیر اعلیٰ کے اعلان کے ضمن میں درجہ 1 سے 8 تک میں زیر تعلیم تھارو اور دیگر ذات کے طلباء/طالبت کو مالیاتی سال 23-2022 میں وظیفہ دئے جانے کیلئے نظام الاوقات جاری کر دئے گئے ہیں۔ اس ضمن میں سرکاری حکم نامہ جاری کر دیا گیا ہے۔ جاری حکم نامہ کے مطابق گزشتہ یکم جون 2022 سے 30 جون 2022 تک ریاست میں واقع منظور شدہ اسکولوں کا ماسٹر ڈاٹا بیس میں شامل ہونے کیلئے درخواست کرنے کی کارروائی کی جانی اور تمام دستاویز ضلع بیسک تعلیم افسر/ضلع اسکول انسپکٹر کے توسط سے دفتر ضلع سماجی بہبود (ترقیات) کو جمع کیا جائیگا۔

15 جون 2022 سے 14 جولائی 2022 تک متعلقہ ضلع بیسک افسر/ضلع اسکول انسپکٹر کے ذریعہ تمام اسکولوں میں منظور سیٹوں کے تعداد کو صد فیصد تصدیق کرتے ہوئے دستاویز ضلع سماجی بہبود افسر (ترقیات) کے دفتر کو ارسال کیا جائیگا۔ 2/اکتوبر 2022 کو متعلقہ ضلع سماجی بہبود افسر (ترقیات) کے ڈیجیٹل سگنیچر سے خالص اور منظور لاک ڈاٹا کی بنیاد پر ٹریزری کے ای-پیمنٹ کے تحت پی ایف ایس ایس نظام کے توسط سے طلباء/طالبات کے سیونگ بینک اکاؤنٹس میں براہ راست رقم منتقل کی جائیگی۔

☆☆☆☆☆